سوال

سودی کاروبار کرنے والے کے زیرِ نگرانی کام کرنا

جواب

سودی کاروبار کرنے والے کے گھر میں کام کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ محترم سوال یہ ہے کہ جہاں میں کام کرتا ہوں وہاں کا مالک سودی کاروبار کرتا ہے۔ کیا میرے لیے یہ جائز ہے کہ میں اس کے گھر میں نوکری کروں۔ ؟ اور مالک مجھے نوکری چھوڑنے بھی نہیں دیتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر تو آپ کی نوکری اس کے سودی کاروبار میں معاون ثابت ہو رہی ہے اور آپ اس کے اسی کاروبار سے ہی منسلک ہیں تو پھر آپ کے لئے یہ نوکری کرنا قطعا حرام ہے۔ اور اگر ایسا نہیں ہے بلکہ آپ ان کے گھر میں دیگر کاموں پر مامور ہیں تو پھر اگرچہ نوکری کرنا جائز ہے، لیکن احتیاط کا تقاضا ہے کہ آپ اپنے آپ کو اس سے بھی بچالیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتوی